چھوٹے چھوٹے رسالوں کا جو مفید سلسلہ جاری ہے یہ کتاب اس کی ہی ایک کڑی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم صرف ونحو ان کی مادری زبان میں ہونی چاہئے اور پھر قواعد کو ذہن نشین کرانے کی غرض سے ان کی مشق وتمرین مختلف قسم کی مانوس ومتداول مثالوں سے ہونی چاہیے، لائق مرتب نے انھیں دو اصولوں پر اس کتاب کو مرتب کیا ہے وہ چونکہ اس مضمون کے استاد ہونے کی حیثیت سے بچوں کی استعداد ذہنی اور ان کے لئے طریق تفہیم کا خود ذاتی تجربہ رکھتے ہیں اس بنا پر اس کتاب کی زبان، ترتیب، مسائل، امثلہ اور مشقیں وغیرہا سب اس انداز کی ہیں کہ عربی زبان کے مبتدی طلبا اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں یہ کتاب اس لائق ہے کہ عربی کے مدارس ومکاتب ابتدائی درجوں میں صرف کی تعلیم کے لئے اس کو اپنے یہاں شریک نصاب کریں۔

ایک ایکٹ کے ڈرامے از جناب محمد بن عمر ام۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۹۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۲ عہ پتہ:۔ کتاب خانہ عابد روڈ حیدرآباد دکن۔

اگرچہ ہندوستان میں ایک ایکٹ کے ڈرامے عام طور پر مقبول ومروج نہیں ہیں لیکن اس طرح کے ڈرامے ریڈیو اسٹیشن سے نشر کرنے اور کالجوں میں اسٹیج کرنے کے لئے بہت موزوں ہوتے ہیں چنانچہ یہ ڈرامے بھی اب سے دس بارہ سال پہلے انہیں دو غرضوں کے لئے لکھے گئے تھے ان ڈراموں کا اسلوب مزاحیہ ہے اور اس پیرایہ میں سماج کی بعض تلخ وناگوار حقیقتوں کی پردہ دری کی گئی ہے۔ زبان واقعات کے ساتھ ہم آہنگی اور مطابقت رکھتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو اس فن کے ساتھ طبعی لگاؤ ہے اور ان میں نفسیاتِ انسانی کی تحلیل وتشریح کا بھی اچھا سلیقہ ہے۔